GOVERNMENT OF TAMIL NADU

اُردو

URDU READER

برائے تیسری جماعت

Standard 3

میعاد - 1

Term - 1

Department of School Education

Untouchability is inhuman and a crime

Government of Tamil Nadu

First Edition - 2026

(Published under New Syllabus
in Trimester Pattern)

A call can change your life (24×7 toll free helplines for children below 18 years)

If you are forced into
Child Marriage or Child Labour,
If you are Emotionally,
Physically, Sexually
Harassed or Abused,



If you feel unsafe dial CHILDLINE 1098 Night & Day

Caller details will be kept confidential

If you are feeling Threatened or being
Abused or Harassed –
Emotionally, Physically or Sexually,
If you are feeling unsafe,
If you need guidance for
Examinations or Higher Education



Dial 14417

Caller details will be kept confidential

Price : Rs.

Content Creation

State Council of Educational
Research and Training
© SCERT 2026

Printing & Publishing

Tamil Nadu Textbook and Educational
Services Corporation

Foreword

The early years of childhood are a time of wonder-when curiosity is boundless, imagination is vivid, and every experience becomes a step in the journey of learning. These textbooks for Classes 1 to 3 have been developed to honour this spirit, creating a learning experience that is joyful, meaningful, and engaging.

Developed as part of the **Tamil Nadu State Education Policy-2025**, these books mark a significant step towards strengthening foundational education in the State. The vision and direction provided by the **Hon'ble Minister for School Education** have ensured that the policy's emphasis on child-centred, competency-based, and inclusive learning is meaningfully reflected in these materials.

The leadership of the **Additional Chief Secretary,** School Education has been instrumental in ensuring the integration of 21st-century skills and knowledge, and in shaping the textbooks into engaging story-driven learning experiences.

This is further reflected in a competency-based approach to curriculum and assessment that moves beyond rote learning to foster deep conceptual understanding and meaningful application. The integration of value education to build character, along with life skills, art and motor skill development, enables the holistic development of the child.

The members of the High-Level Curriculum Expert Committee, the Chairperson and the members of the Curriculum Development Committee, have provided constant guidance, shaping and refining these materials through their insights and expertise, alongside the contributions of educators and practitioners acknowledged elsewhere in this book.

At this foundational stage, learning must build strong foundations while supporting the overall development of the child. These textbooks bring together a carefully designed set of features that make learning active, engaging, and meaningful:


- Opportunities for speaking and listening, building confidence in expression
- Activities that strengthen logical thinking and conceptual understanding
- Integrated spaces for reading and writing practice within lessons
- Fine and gross motor skill development through drawing, colouring, tracing, and movement-based tasks
- Simple avenues for independent learning and self-reflection

The books also integrate values and life skills, helping children develop empathy, cooperation, responsibility and confidence.

Learning is guided by a competency-based approach that moves beyond memorisation towards understanding and application. Assessment is embedded within the learning process, making it continuous, meaningful and supportive.

These textbooks are learning companions that invite children to explore, think and express. They represent a shared commitment to enabling every child to learn with joy, grow with confidence, and build a strong foundation for the future-advancing a vision of **"Education reimagined, inclusive, equitable, and future-ready".**

DIRECTOR
State Council of Educational
Research and Training (SCERT)
Tamil Nadu



THE CONSTITUTION OF INDIA

PREAMBLE

WE, THE PEOPLE OF INDIA, having solemnly resolved to constitute India into a **SOVEREIGN SOCIALIST SECULAR DEMOCRATIC REPUBLIC** and to secure to all its citizens:

JUSTICE, social, economic and political;

LIBERTY of thought, expression, belief, faith and worship;

EQUALITY of status and of opportunity;

and to promote among them all

FRATERNITY assuring the dignity of the individual and the unity and integrity of the Nation;

IN OUR CONSTITUENT ASSEMBLY this twenty-sixth day of November, 1949, do **HEREBY ADOPT, ENACT AND GIVE TO OURSELVES THIS CONSTITUTION.**


قومی ترانہ

جن گن من ادھنا یک جئے ہے
بھارت بھاگیہ ودھاتا
پنجاب سندھ گجرات مراٹھا
دراوڑ اتکل ونگا
وندھیہ ہماچل یمنا گنگا
اچھل جل دھی ترنگا
توا شبھ نامے جاگے
توا شبھ آشش ماگے
گاہے توا جئے گاتا
جن گن من گل دایک جے ہے
بھارت بھاگیہ ودھاتا
جے ہے جے ہے جے ہے
جے جے جے جے ہے

رابندر ناتھ ٹیگور

مفہوم (اردو میں ترجمہ)

اے قوم کے دلوں کے حاکم، تجھے سلام! تو بھارت کی رہنمائی کرنے والا ہے۔
پنجاب، سندھ، گجرات، مراٹھا، دراوڑ، اڑیسہ اور بنگال، وندھیا اور ہمالیہ کے پہاڑ،
جمنا اور گنگا کے دریا اور سمندر کی لہریں تیری عظمت کا گیت گاتی ہیں۔ تیرا مبارک نام سب کو بیدار کرتا ہے۔
سب تیرے لئے دعائیں مانگتے ہیں اور تیری فتح کی داستانیں گاتے ہیں۔
اے قوم کے رہنما، تجھے سلام! تو بھارت کی رہنمائی کرنے والا ہے۔
فتح تیری ہو، فتح تیری ہو، فتح تیری ہو، ہمیشہ تیری ہی فتح ہو۔




تمل زبان کی عظمت (ترجمہ)

حسینۂ مین، پر جوش سمندر کو اوڑھے ہوئے ہے۔
خطۂ بھارت، اس حسینہ کا دمکتا ہوا چہرہ ہے۔
علاقۂ دکن اس چہرے کی پروقار ہلال نما پیشانی ہے،
جس پر دراوڑ کا مہکتا ہوا تلک لگا ہوا ہے۔
تو ہی اس تلک کی خوشبو ہے، جس سے سارا جہاں لطف اندوز ہو رہا ہے۔
دنیا کا چپہ چپہ تیری مہکتی خوبیوں سے معطر ہو رہا ہے۔ اے قابل فخر دوشیزہ تمل! اے دوشیزہ تمل!
ہم تیری پرشکوہ، سدا بہار جوانی کے جوہر پہ حیراں، بے خودی کے عالم میں تیری عظمت کے گیت گاتے ہیں۔ پائندہ باد!
پائندہ باد! پائندہ باد!

مترجم : سجاد بخاری

پے۔سندرم پلّے منون منیم



قومی یکجہتی کا اقرار

''اقرار کرتا ہوں کہ میں ملک عزیز کو متحد رکھنے، اس کی سالمیت کو برقرار رکھنے اور اسے مضبوط بنانے کی ہر ممکن کوشش کروں گا''۔

''یہ بھی اقرار کرتا ہوں کہ میں تشدد کا کبھی ساتھ نہیں دوں گا، ہر قسم کی مذہبی، لسانی، علاقائی، سیاسی اور اقتصادی اختلافات کو پُر امن اور دستوری طریقہ سے حل کرنے کی کوشش کروں گا''۔

اقرار نامہ

ہندوستان میرا وطن ہے۔ سارے ہندوستانی میرے بھائی بہن ہیں۔ مجھے اپنے وطن سے محبت ہے۔ اور میں اس کے بھرپور اور گوناگوں ورثے پر نازاں ہوں۔ میں ہمیشہ اس کا اہل بننے میں کوشاں رہوں گا۔ میں اپنے ماں باپ، اساتذہ اور بزرگوں کا احترام کروں گا اور ہر ایک سے اخلاق کے ساتھ پیش آؤں گا۔ میں اپنے وطن اور اس کے باشندوں کے لئے جاں نثاری کا اقرار کرتا ہوں۔ انہیں کی خوش حالی اور فراغت میں میری مسرت پوشیدہ ہے۔

حرف آغاز تیسری جماعت کے پہلی میعاد کی اردو کی نصابی کتاب تملناڈو کی ریاستی تعلیمی پالیسی 2025، کے مطابق تیار کی گئی ہے۔ اس میں اس بات کا لحاظ رکھا گیا ہے کہ طلباء کے اندر سننے، بولنے، پڑھنے اور لکھنے کی تمام تر صلاحیتوں کو بتدریج پروان چڑھایا جائے۔

پہلی جماعت کی نصابی کتاب جو تین میعادوں پر مشتمل ہے، اس میں حروف تہجی کی شناخت، دوحرفی، تین حرفی الفاظ اور سادہ ترین جملوں پر توجہ دی گئی ہے۔

دوسری جماعت کی نصابی کتاب میں حروف کے اعادہ کے ساتھ مشدد الفاظ، دوچشمی ھ والے حروف، واؤ معروف، واؤ مجہول، زبر، زیر اور پیش والے الفاظ اور جزم کے استعمال وغیرہ پر توجہ دی گئی ہے۔

تیسری جماعت میں چھوٹے چھوٹے جملے والے سبق آموز مضامین اور ان کے معنی و مفہوم، ان کی واحد جمع، ان کے اضداد، ان میں پیش آنے والے الفاظ کا جملوں میں استعمال وغیرہ پر توجہ دی گئی ہے۔ حروف کے ہجے نکالنے کے لئے اس بار ''اردو سیکھئے'' کے عنوان سے بعض مشقیں بھی دی گئی ہیں۔ ان میں دوحرفی، تین حرفی، چہار حرفی اور پانچ حرفی والے زبر، زیر، پیش، واؤ معروف، واؤ مجہول سے بننے والے الفاظ پر توجہ دی گئی ہے۔ اس سے تلفظ سیکھنے میں بھی آسانی ہوگی اور طلباء املاء کی غلطیوں سے بھی پاک ہوجائیں گے۔ اگر اساتذہ ان مشقوں کو طلباء تک مناسب طریقے سے لے جائیں گے تو امید ہے کہ طلباء اردو کے کسی بھی لفظ کے ہجے، تلفّظ اور املاء کی غلطیوں سے پاک الفاظ بنا سکتے ہیں، چاہے وہ لفظ کتنا ہی مشکل اور پیچیدہ ہی کیوں نہ ہو۔ اسے انگریزی میں سلیبل کہا جاتا ہے۔ ایک طالب علم اس سلیبل کے طریقے سے کسی بھی مشکل ترین لفظ کے ہجے بہ آسانی معلوم کرسکتا ہے اور اسے لکھ بھی سکتا ہے۔ چنانچہ 'اردو سیکھئے' کے عنوان میں جگہ جگہ لکھنے کی مشقیں بھی دی گئی ہیں، تاکہ طلباء نہ صرف ان الفاظ کو پڑھ سکیں گے اور ان کے ہجے نکال سکیں گے، بلکہ انہیں آسانی کے ساتھ لکھ بھی سکیں گے۔

اساتذہ کرام سے احتراماً عرض ہے کہ 'اردو سیکھئے' کے عنوان سے موجود الفاظ کی تعمیری شکلوں پر غور کریں، جنہیں بتدریج یہاں ہرا کائی کے آخر میں دیا گیا ہے۔ ان الفاظ کے ساتھ اگر دیگر الفاظ کی مشق بھی کرائی جائے تو سونے پر سہاگہ۔ اس بات کا خاص لحاظ رکھا جائے کہ یہ نصابی کتاب صرف ایک رہ نما کی حیثیت رکھتی ہے۔ اس کے علاوہ وہ تمام کارروائیاں جن سے طلباء کے اندر لسانی صلاحیتوں کو فروغ دیا جاسکتا ہے، اگر ان کو استعمال کیا جائے تو ان سب کا خیر مقدم ہے۔

اساتذہ کرام سے قوی امید ہے کہ وہ اس بات پر بھی خصوصی توجہ دیں گے۔ انسان غلطیوں سے مبرا نہیں ہے۔ اگر کوئی بھی غلطی یا اصلاح آموز بات ہو تو ہمیں ان کی اطلاع دیں۔ یہ ہمارے لئے باعث مسرت بات ہوگی۔ مصنفین

فہرست مضامین

اکائی	عنوان	صفحہ نمبر
	یادوں کی دنیا	01
1	1 ۔ حمد	07
	2 ۔ پیارے نبیؐ کا انوکھا بچپن	14
	3 ۔ ماں باپ کا ادب واحترام	19
2	1 ۔ ہمارا دیس نظم	26
	2 ۔ اچھا دوست کون ؟	29
	3 ۔ محنت کا پھل	37
3	1 ۔ برسات نظم	41
	2 ۔ پانی - قدرت کا تحفہ	45
	3 ۔ اچھی بات - اچھا بچّہ	48

یادوں کی دنیا

کچھ اپنے بارے میں



السلام علیکم ورحمة اللّٰہ وبرکاتہٗ

میرا نام : _____


میرے ساتھی کا نام : _____

میرا پسندیدہ کھیل : _____

آیئے بات چیت کریں۔

- مجھے جو پسند ہے۔
- کلاس میں اور کیا چاہئے؟
- میرا پسندیدہ کام۔
- میں جو سیکھنا چاہتا / چاہتی ہوں۔

آج میرے احساسات





میں اپنے آپ کو پسند کرتا/کرتی ہوں، کیوں کہ میں

- ☐ ملنسار ہوں۔
- ☐ سب کے ساتھ اچھی طرح بات چیت کرتا/کرتی ہوں۔
- ☐ میرے احساسات کو ظاہر کرتا/کرتی ہوں۔
- ☐ دوسروں کے جذبات کا خیال کرتا/کرتی ہوں۔
- ☐ دوسروں کی مدد کرتا/کرتی ہوں۔
- ☐ وقت کی قدر کرتا/کرتی ہوں۔
- ☐ نئی چیزیں سیکھنا چاہتا/چاہتی ہوں۔

میں سب سے بہتر ہوں۔

مجھ جیسا کوئی نہیں ہے۔

شکریہ!

جن طلباء کو جو پسند ہے، اس پر (✓) نشان لگانے کو کہیں۔

یہاں بعض اشیاء کے نام دئے گئے ہیں۔ نیچے بعض اشیاء کو تیار کرنے کے لئے کہا گیا ہے۔
کونسی شئے تیار کرنے کے لئے کونسی شئے کی ضرورت ہے، یہاں سے چن کر لکھئے۔

شکر دودھ چاقو دیاسلائی چولھا کٹوری لیمو چائے کی پتی چھانی

پانی کتابیں سوٹ کیس چھتری کپڑے کھانے کی چیزیں نوٹ بک قلم

پنسل مٹانی برتن صابن دانتوں کا برش پانی کی بوتل بستہ

پھلوں کا رس تیار کرنے کے لئے

پانی



چائے بنانے کے لئے

چائے کی پتی



اسکول جانے کے لئے

بستہ



سیر کو جانے کے لئے

کھانے کی چیزیں



گیند کو کون پکڑے گا۔





اپنی توجہ کو ہٹائے بغیر گیند کو پکڑ نا ہو گا۔

پھولوں کے نام پر دائرہ بنائیے۔

گ ل ا ب

س و ر ج م ک ھ ی

چ ن ب ے ل ی

د

م و گ ر ا

1۔ چنبیلی

2۔ گیندا

جن پھولوں کے نام پر دائرہ نہیں بنایا گیا ہے، ان کے نام لکھئے۔ _____ _____


کیا یہ پھول تم استعمال کرتے ہو؟ جی ہاں / جی نہیں۔ _____

تصویروں کی مدد سے جملے مکمل کیجئے۔



کھیل رہے ہیں۔

بچّے گیند کھیل رہے ہیں۔



کھا رہا ہے۔



درخت پر چڑھ رہی ہے۔



جھولا جھول رہی ہے۔

تصویر دیکھئے اور خالی جگہوں میں مناسب الفاظ چن کر بھرتی کیجئے۔

(کیڑا ، بچھڑا ، مکھیاں ، پرندے)

1۔ آسمان میں ..... اڑ رہے ہیں۔

2۔ شہد کے چھتّے سے ..... نکل رہی ہیں۔

3۔ زمین میں ایک ..... چل رہا ہے۔

4۔ پھول پر ایک ..... بیٹھا ہے۔

صحیح پر اور غلط پر رنگ بھریئے۔



کیا ہم دوسروں کا مذاق اڑا سکتے ہیں؟



غلطی کا احساس ہونے پر کیا ہم معافی مانگ سکتے ہیں؟



کیا ہم دوسروں کی غلطی کو بتا سکتے ہیں؟



کیا ہم جھوٹ بول سکتے ہیں؟



کیا ہم غلط بات کہہ سکتے ہیں؟

1. حمد

سب سے اعلیٰ ہے اللہ
سب کا آقا ہے اللہ
اس نے سب کو پیدا کیا
خالق و مولیٰ ہے اللہ
رزق سبھی کو دیتا ہے
رازق و داتا ہے اللہ
سب کو لیا ہے گھیرے میں
سب کا سہارا ہے اللہ
ظلم کسی پہ کرتا نہیں
رحمت والا ہے اللہ
ہر پل رب کو یاد رکھو
کتنا پیارا ہے اللہ

استاد حمد کے معنی و مفہوم کو سمجھائے اور اسے اپنے نرالے انداز میں ترنم کے ساتھ طلباء کو سنائے۔ طلباء سن کر اسے پڑھنے کی مشق کریں۔

I۔ الفاظ کے معانی اور اشارے۔

اعلیٰ = بلند

آقا = مالک

خالق = پیدا کرنے والا

مولیٰ = مدد کرنے والا

رازق = رزق دینے والا

داتا = دینے والا۔سخی

پل = وقت،لمحہ

II۔ خالی جگہ بھرتی کیجئے۔ (آقا ، اعلیٰ ، داتا ، سب ، والا)

1۔ سب سے .....ہے بلند

2۔ سب کا ..... ہے اللہ

3۔ رازق و .....ہے اللہ

4۔ رحمت ..... ہے اللہ

5۔ .....کا سہارا ہے اللہ

III۔ صحیح جواب منتخب کر کے لکھئے۔

1۔ سب سے.....ہے اللہ

(a) اعلیٰ (b) ادنیٰ (c) اولیٰ

2۔ .....کسی پہ کرتا نہیں

(a) انصاف (b) ظلم (c) رحمت

3۔ ہر پل .....کو یاد رکھو

(a) رب (b) موت (c) وقت

4۔ کتنا.....ہے اللہ

(a) نرالا (b) اچھا (c) پیارا

5۔ اس نے .....کو پیدا کیا

(a) ہم (b) سب (c) میں

IV ۔ ان الفاظ کو پڑھئے اور لکھئے ۔

1۔ اعلیٰ ....

2۔ آقا ....

3۔ والا ....

4۔ پیارا ....

V ۔ واحد جمع چن کر لکھئے ۔

(مالکان ، مددگاروں ، سہارے ، پیارے)

1۔ پیارا + ...

2۔ مددگار + ...

3۔ سہارا + ...

4۔ مالک + ...

VI ۔ اضداد چن کر لکھئے ۔

(دنیا ، ادنیٰ ، ظلم ، یاد)

1۔ بھول × .....

2۔ لینا × .....

3۔ اعلیٰ × .....

4۔ انصاف × .....

VII ۔ الفاظ کو جملوں میں استعمال کیجئے ۔

مثال : خالق : اللہ ہمارا خالق ہے

1۔ داتا : .....

2۔ یاد : .....

3۔ رحمت : .....

4۔ انصاف : .....

آیئے اُردو سیکھیں!

دو حرفی + دو حرفی = چار حرفی والے الفاظ

عزیز طلباء! پچھلی جماعتوں میں ہم نے چار حروف والے الفاظ پڑھنے کی مشق کی تھی۔ اب ہم دو حرفی + دو حرفی = چار حرفی والے الفاظ کے بارے میں جانکاری حاصل کریں گے۔

زم زم	ادرک	دل دل	من جن	شربت	مط لب	صن دل
زمزم	ادرک	دلدل	منجن	شربت	مطلب	صندل

واؤ مجہول :

واؤ مجہول اس و کو کہتے ہیں، جس کو کھینچ کر نہیں پڑھا جاتا یا جس سے و کی ہلکی آواز نکالی جاتی ہے۔ مثال : گول ، ٹوپی

بولو	تولو	توڑو	روکو	فوٹو	چھوڑو	پھوڑو
بولو	تولو	توڑو	روکو	فوٹو	چھوڑو	پھوڑو
روکا	بولا	گورا	تھوڑا	چھوٹا	دھوکا	کھونا
روکا	بولا	گورا	تھوڑا	چھوٹا	دھوکا	کھونا
روزہ	توبہ	گورا	گوری	لوری	روٹی	موتی
روزہ	توبہ	گورا	گوری	لوری	روٹی	موتی
آؤ	پاؤ	جاؤ	کھاؤ	گاؤ	لاؤ	ڈالو
آؤ	پاؤ	جاؤ	کھاؤ	گاؤ	لاؤ	ڈالو
سَولہ	چَودہ	دَورہ	زوجہ	رَوضہ	پودا	سودا
سَولہ	چَودہ	دَورہ	زوجہ	رَوضہ	پودا	سودا

واؤ معروف

واؤ معروف اس و کو کہتے ہیں، جس کو کھینچ کر پڑھا جاتا ہے یا جس سے اُو کی آواز نکالی جاتی ہے۔ آواز نکالتے وقت منہ کو گول کر کے پڑھیں گے۔ مثال : نور ، سورج

چاقو	بابو	بازو	جادو	راجو	بانو	کاجو
چاقو	بابو	بازو	جادو	راجو	بانو	کاجو
جھوٹا	روٹھا	بھوکا	پورے	جھولے	پھوٹے	روٹھے
جھوٹا	روٹھا	بھوکا	پورے	جھولے	پھوٹے	روٹھے

اب ان الفاظ کو رواں پڑھنے کی کوشش کریں گے۔ اگر رواں پڑھنے میں مشکل پیش آئے تو ہجّے کر کے پڑھیں گے اور ان کی اچھی طرح مشق کریں گے۔

اشرف	اندر	انور	برکت	بزدل	بندر	بندہ
زردہ	سرکش	شلجم	شربت	کمرہ	گردن	ثروت
حضرت	روزی	گندہ	مکتب	مطلب	نفرت	ہلچل
سونا	بولا	موٹا	موٹی	روکا	چھوڑا	گھولا
لے لو	دے دو	ٹوٹا	ٹوٹے	جوتے	سوکھا	روکھا

آیئے لکھیں۔

زمزم	ادرک	دلدل	آؤ	روٹی	بازو	جھاڑو
زمزم	ادرک	دلدل	آؤ	روٹی	بازو	جھاڑو
زمزم	ادرک	دلدل	آؤ	روٹی	بازو	جھاڑو

تشدید والے حروف (ّ)

آیئے اب ہم دوحرکی + دوحرکی = چارحرکی والے حروف میں تشدید والے حروف پڑھنے کی کوشش کریں گے۔
جب ایک حرف دومرتبہ شدت کے ساتھ دوہرایا جاتا ہے تو اسے تشدید والا حرف کہتے ہیں۔اس کی علامت ّ ہے۔

ال لہ	اب ب ا	ام م ی	رس سی	لس سی	ٹک کر	چک کر
اللہ	ابّا	امّی	رسّی	لسّی	ٹکّر	چکّر
ذر رہ	مک کہ	ڈب بہ	جن نت	عز زت	ہم مت	سن نت
ذرّہ	مکّہ	ڈبّہ	جنّت	عزّت	ہمّت	سنّت
بچ چہ	بچ چی	اچھ چھا	پک کا	پک کی	مکھ کھن	مچھ چھر
بچّہ	بچّی	اچھّا	پکّا	پکّی	مکّھن	مچّھر

لفظ کے آخر میں کھڑا زبر کے ساتھ ی آئے تو اسے آ کی طرح پڑھا جائے گا۔ مثال : صغریٰ

موسیٰ	طوبیٰ	عیسیٰ	بشریٰ	یحییٰ	کبریٰ	عظمیٰ
موسیٰ	طوبیٰ	عیسیٰ	بشریٰ	یحییٰ	کبریٰ	عظمیٰ

تین اور چار حروف والے ایک حرکی الفاظ

آب	آج	باب	ذات	کعب	نعت	آٹھ
ساٹھ	ساتھ	ہاتھ	گھاٹ	تاج	ناچ	شاخ
باد	بعد	چار	باز	تاڑ	رعد	کھاد
ڈاڑھ	پاس	گھاس	کاش	خاص	بعض	وعظ
طاق	پاک	آگ	جاگ	بال	لال	لعل
آم	جام	دام	شام	کام	آن	پان
جان	خان	خوان	آہ	واہ	راہ	شاہ

اپنی من پسند یدتصویر چھڑایئے۔



متن کو سنئے اور اپنے الفاظ میں اس کو بیان کیجئے۔

2. پیارے نبیؐ کا انوکھا بچپن

بہت عرصہ پہلے مکہ شہر میں ایک ننّھا بچّہ پیدا ہوا، جس کا نام محمّدؐ رکھا گیا، بڑا ہی پیارا اور خوبصورت بچہ۔ سب لوگ اس بچہ کو دیکھ کر خوش ہوتے۔ لیکن اللہ کا کرنا ایسا ہوا کہ ان کے ابّا حضرت عبداللہ ان کے پیدا ہونے سے پہلے ہی وفات پا گئے۔ جب آپ چھ کے سال کے ہوئے تو امّی بی بی آمنہ بھی اس دنیا سے چل بسیں۔

ننھے محمّدؐ اب اکیلے رہ گئے۔ ان کے دادا عبدالمطّلب نے انہیں اپنے پاس رکھا۔ چند سال گذرے کہ دادا جان بھی چل بسے۔ اب ان کے چچا ابو طالب نے آپؐ کی پرورش کی۔

آپؐ بچپن ہی سے سچے تھے۔ کبھی جھوٹ نہیں بولتے تھے۔ لوگ کہنے لگے۔ ''یہ بچّہ تو بڑا سچّا ہے! اور امانت دار بھی''۔

وقت گذرتا گیا۔ محمدؐ اکثر تنہائی میں غور و فکر کرتے اور اللہ کی عبادت میں مشغول رہتے۔ پھر ایک دن جب آپؐ چالیس سال کے ہوئے تو اللہ نے آپؐ کو اپنا رسول و نبی بنایا۔ آپ ﷺ نے لوگوں کو اچھا راستہ دکھایا۔ آپ ﷺ فرماتے تھے۔ اللہ ایک ہے۔ اسی کی عبادت کیا کرو۔ سچ بولو۔ غریبوں کی مدد کرو۔ وعدہ پورا کرو۔ کسی کو تکلیف نہ دو۔

آہستہ آہستہ سچائی کی روشنی پھیلنے لگی اور لوگوں کے دل بدلنے لگے۔

پیارے بچّو! ہمیں بھی چاہئے کہ ہم اپنے نبی ﷺ کی باتوں کو مانیں۔ ہمیشہ سچ بولیں۔ نرمی سے بات کریں اور سب کے ساتھ محبت سے پیش آئیں۔

I۔ الفاظ کے معانی اور اشارے۔

انوکھا	=	نرالا، عجیب، خاص
عرصہ	=	زمانہ، کچھ وقت
وفات	=	انتقال کرنا، مرجانا
چل بسنا	=	مرجانا
ننھے	=	بہت چھوٹے
تنہائی	=	اکیلے رہنا
پرورش	=	پالنا
اکثر	=	زیادہ، کئی بار
مشغول	=	مصروف
رسول و نبی	=	اللہ کے بھیجے ہوئے پیغمبر
دل جیتنا	=	لوگوں کی سوچ اور عادتوں کو اچھا بنانا

II۔ صحیح جواب منتخب کیجئے۔

1 ہمارے نبی ﷺ کا نام ..... ہے۔

(a) محمدؐ (b) حامد (c) محمود (d) منصور

2۔ ہمارے نبی ﷺ کی والدہ کے انتقال کے وقت آپؐ کی عمر ..... تھی۔

(a) چھ سال (b) سات سال (c) آٹھ سال (d) نو سال

3۔ دادا عبدالمطلب کے بعد ..... نے آپؐ کی پرورش کی۔

(a) ماموں (b) چچا (c) نانا (d) خالہ

4۔ ..... کی عمر میں اللہ نے آپؐ کو نبی بنایا۔

(a) 35 سال (b) 40 سال (c) 50 سال (d) 45 سال

5۔ ..... سے بات کرنی چاہئے۔

(a) سختی (b) زور (c) نرمی (d) دکھ

III۔ جوڑ ملایئے۔

1۔ ہمارے نبیؐ کے ابّا کا نام - حضرت ابوطالب

2۔ ہمارے نبیؐ کے امّی کا نام - حضرت عبدالمطلب

3۔ ہمارے نبیؐ کے دادا کا نام - حضرت عبداللہ

4۔ ہمارے نبیؐ کے چچا کا نام - بی بی آمنہ

IV۔ اس سبق میں سے نونِ غنّہ والے الفاظ چن کر لکھئے۔

1۔ _____

2۔ _____

3۔ _____

4۔ _____

5۔ _____

کیا تم جانتے ہو؟

نونِ غنّہ : حرف ن سے بننے والے الفاظ جو ناک سے ادا کئے جاتے ہیں۔

نونِ غنّہ : لفظ کے درمیان میں : اونٹ

نونِ غنّہ : لفظ کے آخر میں : یہاں، وہاں، ہوں

V۔ سبق میں سے کوئی پانچ مشدّد الفاظ چن کر لکھئے۔

مثال : م ح م م د : محمّدؐ

1۔ _____

2۔ _____

3۔ _____

4۔ _____

5۔ _____

VI۔ واحد کی جمع چن کر لکھئے۔

(بچے ، نبیوں ، وعدے ، راستے ، دلوں)

دل + ... نبی + ...

وعدہ + ... راستہ + ...

بچہ + ...

VII۔ اضداد چن کر لکھئے۔

(اندھیرا ، آرام ، سختی ، برا ، جھوٹا)

سچا × ..... اچھا × .....

نرمی × ..... تکلیف × .....

اجالا × .....

VIII۔ ان الفاظ کو جملوں میں استعمال کریں۔

مثال : سچ : سچ بولنا اچھی عادت ہے۔

غریب : .....

وعدہ : .....

محبت : .....

عبادت : .....

IX۔ دئے گئے الفاظ کے حروف استعمال کر کے نئے الفاظ بنائیں۔

سچائی : سچ ، سچی

عالم :

عبادت :

نورانی :

دامن :

X۔ پہلے حرف کو بدل کر نئے الفاظ بنایئے۔

دل :

کام :

دھر :

مال :

تین :

XI۔ خالی جگہ بھرتی کیجئے۔

(تکلیف ، وعدہ ، مدد ، ایک ، سچ)

1۔ ..... بولنا اچھی عادت ہے۔

2۔ اللہ ..... ہے۔

3۔ ہمیں غریبوں کی ..... کرنی چاہئے۔

4۔ اپنا ..... پورا کرنا چاہئے۔

5۔ کسی کو ..... نہیں دینی چاہئے۔

XII۔ صحیح ہے یا غلط، نشان لگایئے۔

1۔ نبی کریمؐ ہمیشہ سچ بولتے تھے۔ ( )

2۔ ہمیں لوگوں سے نفرت سے پیش آنا چاہئے۔ ( )

3۔ اللہ ایک ہے۔ ( )

کیا تم جانتے ہو ؟

ہمارے رسولؐ کے نام کے ساتھ صلی اللہ علیہ وسلم (ؐ) کہنا چاہئے۔

فرشتوں اور نبیوں کے نام کے ساتھ علیہ السلام (ؑ) کہنا چاہئے۔

صحابہ کے نام کے ساتھ رضی اللہ عنہ (ؓ) کہنا چاہئے۔

بزرگوں کے نام کے ساتھ رحمۃ اللہ علیہ (ؒ) کہنا چاہئے۔

میرا روزنامچہ

میرا نام ..... ہے۔

میری عمر ..... سال ہے۔

میں ..... اسکول میں پڑھتا / پڑھتی ہوں۔

میں ..... جماعت میں پڑھتا / پڑھتی ہوں۔

میں ..... میں رہتا / رہتی ہوں۔

متن کو سنئے اور اپنے الفاظ میں اس کو بیان کیجئے۔

3. ماں باپ کا ادب واحترام

پیارے بچو ! اللہ تعالیٰ نے ماں باپ کا مقام اور مرتبہ بہت بلند رکھا ہے ، ماں باپ نے ہمارے لئے تکلیفیں اٹھائیں ، دکھ سہا ، مصیبتیں جھیلیں ، دنیا کے آرام اور چین کو قربان کیا اور ہمیں پال پوس کر بڑا کیا۔ انہوں نے ہمیشہ ہمارے آرام کا خیال رکھا اور ہر طرح سے ہماری دیکھ بھال کی۔

ماں باپ کا ہم پر بڑا احسان ہے ، اس لئے ہمارا فرض بنتا ہے کہ ہم ان کے ساتھ اچھا سلوک کریں۔ ہمارے رسولؐ نے فرمایا ہے کہ ''ماں باپ کو خوش رکھو ، ان کی خدمت کرو ، ان کی بات مانو ، جو کام کرنے کو کہیں ، خوشی سے کرو ، ان کو ناراض نہ کرو ، ان کو تکلیف مت دو ''۔



دیکھا آپ نے ! ماں باپ کے سامنے اونچی آواز سے بات کرنا بہت بری بات ہے۔ اس لئے ان سے نرمی اور خوب ادب سے بات کریں ، ان سے غصّہ نہ کریں ، ان سے لڑائی جھگڑا نہ کریں ، کسی بات پر ضد نہ کریں اور خفا ہو کر زور زور سے نہ بولیں۔

آیئے ! وعدہ کریں کہ ہمیشہ ہم اپنے ماں باپ ، بھائی بہن اور اپنے بڑوں کی عزّت کریں گے۔

I۔ الفاظ کے معانی اور اشارے۔

مقام	:	مرتبہ	بلند	:	اونچا
دکھ	:	درد	سہنا	:	برداشت کرنا
احسان	:	بھلائی	سلوک	:	برتاؤ
ضد کرنا	:	اڑے رہنا	خفا	:	غصہ

II۔ واحد جمع چن کر لکھئے۔ (آداب ، خوشیاں ، بڑے ، احسانات ، ہمارے ، بچّے)

بچہ	+		بڑا	+	
ہمارا	+		خوشی	+	
احسان	+		ادب	+	

III۔ اضداد چن کر لکھئے۔ (غم ، برے ، نامعلوم ، چھوٹے ، سکھ)

دکھ	×		اچھے	×	
بڑے	×		خوشی	×	
معلوم	×				

IV۔ صحیح جواب منتخب کیجئے۔

1۔ ماں باپ سے نرمی اور ..... سے بات کرو۔

(a) ادب (b) فرض (c) نصیحت (d) سختی

2۔ ماں باپ کے سامنے اونچی آواز میں بات کرنا ..... بات ہے۔

(a) اچھی (b) بری (c) درست (d) ٹھیک

3۔ ماں باپ کا ہم پر بڑا ..... ہے۔

(a) فرمان (b) عرفان (c) احسان (d) فیضان

4۔ بڑوں کی ..... کرنی چاہئے۔

(a) عزت (b) نافرمانی (c) ناقدری (d) بے ادبی

5۔ ماں باپ کو ..... تک نہ کہو۔

(a) جھٹ (b) پٹ (c) اُف (d) اُم

V۔ خالی جگہ بھرتی کیجئے۔

(اچھا ، ضد ، آرام ، بلند)

1۔ ماں باپ کا مقام اور مرتبہ بہت ..... ہے۔

2۔ ماں باپ نے ہمیشہ ہمارے ..... کا خیال رکھا۔

3۔ ہمارا فرض بنتا ہے کہ ہم ماں باپ کے ساتھ ..... سلوک کریں۔

4۔ ماں باپ سے کسی بات پر ..... نہ کریں۔

VI۔ سبق میں سے دوچشمی ھ والے الفاظ چن کر لکھئے۔

1۔ .....

2۔ .....

3۔ .....

4۔ .....

کیا آپ نے سیکھا؟

دوچشمی ھ والے الفاظ

ھ کو دوچشمی ھ کہتے ہیں۔

مثال : بھائی : ب ھ ا ء ی

VII۔ ان الفاظ کو جملوں میں استعمال کیجئے۔

(محنت ، خدمت ، آرام ، ادب)

1۔ محنت : محنت کا پھل ہمیشہ میٹھا ہوتا ہے۔

2۔ خدمت : .....

3۔ آرام : .....

4۔ ادب : .....

میرا روزنامچہ

(صبح ، وضو ، فجر ، قرآن)

1۔ میں آج ..... سویرے اُٹھا۔

2۔ ..... کیا۔

3۔ ..... کی نماز ادا کی۔

4۔ ..... پڑھا۔

آیئے اُردو سیکھیں!

زبر سے بننے والے یک حرکی تین حرفی الفاظ (ـَ)

سخت	رفت	درد	سرد	فجر	عصر	زہر
شرم	زخم	گرم	برف	صرف	فرق	خلق
امن	جشن	نعل	عدل	رنج	پنج	تلخ
عرش	فرش	ربط	شخص	قرض	مرض	فرض
رنگ	جنگ	سنگ	تنگ	انگ	زنگ	ڈھنگ

زیر سے بننے والے یک حرکی تین حرفی الفاظ (ـِ)

سمت	نصف	صرف	صنف	ارد	ورد	جلد
وتر	عطر	خضر	جسم	اسم	قسم	علم
قسط	حرص	عشق	انس	جنس	رزق	گرد

پیش سے بننے والے یک حرکی تین حرفی الفاظ (ـُ)

قرب	سست	چست	پشت	مفت	جفت	عرف
خُلد	عمر	شکر	بخل	چغل	غسل	خوش
انس	پرس	نقص	بغض	جرم	مرغ	رکن

آیئے لکھیں۔

سمت	جلد	نقص	خوش	جشن	فجر	تنگ
سمت	جلد	نقص	خوش	جشن	فجر	تنگ

چار حرفی اور پانچ حرفی یک حرکی الفاظ

گوشت	دوست	پوست	سانپ	ہونٹ	اونٹ	بانٹ
آنت	دانت	کانپ	بافت	گھانٹ	چاشت	کاشت
آنچ	پانچ	جانچ	کانچ	سونڈ	ہانک	بھونک
ڈھونگ	بانگ	ٹانگ	مانگ	گانٹھ	بانجھ	باندھ
سینگ	جھانک	ڈھانک	پھینک	اونگھ	سونگھ	مونچھ

تین حروف والے دوحرکی الفاظ

ان الفاظ میں پہلے دوحرکی حروف پر زبر زیر یا پیش ہوتا ہے اور آخری حرف ساکن ہوتا ہے۔ اس لحاظ سے پہلا ایک حرف ایک حرکت رکھتا ہے اور دوسرے دوحروف ایک حرکت رکھتے ہیں۔ یہ یاد رہے کہ ایک حرف والا ایک حرکت والا حرف، لفظ کے شروع میں آتا ہے یا کبھی درمیان میں آتا ہے، مگر لفظ کے آخر میں کبھی بھی نہیں آتا، یعنی ہر لفظ کا آخری حرف ہمیشہ ساکن ہی ہوتا ہے۔

تین حروف والے دوحرکی (ایک + دو) الفاظ

زبر سے بننے والے دوحرکی تین حرفی الفاظ (ـَ)

اَ دا	اَ نا	بَ جا	ث نا	ذ را	پڑ ھا	گ دا
ادا	انا	بجا	ثنا	ذرا	پڑھا	گدا
نَ یا	مَ زہ	خ بر	قَ مر	اَ گر	نَ ظر	م گر
نیا	مزہ	خبر	قمر	اگر	نظر	مگر
ط لب	غ لط	ق سم	رقم	ج نم	ع دم	ک رم
طلب	غلط	قسم	رقم	جنم	عدم	کرم
ا دل	ب دل	غ زل	خ لل	ح لق	ہ وس	انس
ا دل	بدل	غزل	خلل	حلق	ہوس	انس

ن مک	دھ مک	دھ ڑک	چ لو	ک رو	پ ڑھو	ا ٹھو
نمک	دھمک	دھڑک	چلو	کرو	پڑھو	اٹھو

ع لی	ک لی	گ لی	پ ڑی	چ ڑھی	ب ڑے	ت لے
علی	کلی	گلی	پڑی	چڑھی	بڑے	تلے

ک رے	ہ رے	بھ رے	ب دن	چ من	و طن	ج تن
کرے	ہرے	بھرے	بدن	چمن	وطن	جتن

زیر سے بننے والے دوحرکی تین حرفی الفاظ (ِ)

ج گر	پ در	ادھر	ک دھر	ج دھر	ک رن	م لن
جگر	پدر	ادھر	کدھر	جدھر	کرن	ملن

ہ رن	ش کم	ص لہ	ن ڈر	پھ سل		
ہرن	شکم	صلہ	نڈر	پھسل		

پیش سے بننے والے دوحرکی تین حرفی الفاظ (ُ)

اُ دھر	س لگ	اگل	اچھل	ل غت	اُ ڑن	اُ حد
اُدھر	سلگ	اگل	اچھل	لغت	اُڑن	اُحد

آیئے لکھیں۔

دوست	پڑھا	غزل	جتن	پھسل	بھرے	اُ دھر
دوست	پڑھا	غزل	جتن	پھسل	بھرے	اُ دھر

تدریسی سفر

1۔ پڑھنے کی کوشش کیجئے۔

- سب سے اعلیٰ ہے اللہ — سب کا آقا ہے اللہ
- اس نے سب کو پیدا کیا — خالق و مولیٰ ہے اللہ

حمد کو ترنم کے ساتھ پڑھنے کی کوشش کیجئے۔

2۔ تخلیق کا وقت



- کوئی حمد یا نعت یا ترانہ یا نظم جو تمہیں یاد ہوں، اسے ترنم سے پڑھئے۔
- اپنی طرف سے کوئی کہانی سنائیے۔
- حمد کی تعریف اپنے لفظوں میں بیان کیجئے۔

اس نظم یا کہانی کو اپنے دوستوں کو سنائیے اور لطف اٹھائیے۔

میں نے جو سیکھا



1۔ حمد کو ترنم کے ساتھ الفاظ کی صحیح ادائیگی کے ساتھ پڑھ سکتا/سکتی ہوں۔ ☐ ☆☆☆

2۔ آسانی اور الفاظ کی درست ادائیگی کے ساتھ متن کو پڑھ سکتا/سکتی ہوں۔ ☐ ☆☆☆

3۔ غلطیوں کے بغیر جملوں کو لکھ سکتا/سکتی ہوں۔ ☐ ☆☆☆

جس صلاحیت کو سیکھا ہے، اس پر ✓ نشان لگا کر سیکھے کے مطابق تاروں میں رنگ بھریئے۔

اکائی 2


1. ہمارا دیس

نظم



ہندوستاں ہے دیس ہمارا
ہم کو اپنی جان سے پیارا

کتنا پیارا ترنگا جھنڈا
سب سے اونچا ہمارا جھنڈا



گنگا جمنا کی یہ زمیں ہے
میرا دیس تو سب سے حسیں ہے

ہم سب اس کے رکھوالے ہیں
کتنے اچھے دل والے ہیں

پڑھ لکھ کر ہم نام کریں گے
مل جل کر ہم کام کریں گے

استاد اس نظم کو سنائے اور طلباء میں حب الوطنی کے جذبے کو ابھارے۔

I۔ الفاظ کے معانی اور اشارے۔

دیس : وطن

گنگا جمنا : دوندیوں کے نام

حسین : خوب صورت

ترنگا : تین رنگ والا

رکھوالے : نگہبان

اونچا : بلند

II۔ واحد کی جمع کا انتخاب کیجئے۔ (زمینیں ، جانیں ، رکھوالے ، کاموں ، ہمارے)

ہمارا + ...

کام + ...

رکھوالا + ...

جان + ...

زمین + ...

III۔ صحیح جواب منتخب کیجئے۔

1۔ ہندوستان ہے ..... ہمارا

(a) دیس (b) کھیت (c) زمین

2۔ سب سے اونچا ہمارا .....

(a) ڈنڈا (b) جھنڈا (c) انڈا

3۔ گنگا ..... کی یہ زمیں ہے

(a) نیل (b) احمر (c) جمنا

4۔ ہم سب اس کے ..... ہیں

(a) متوالے (b) رکھوالے (c) سہارے

5۔ مل جل کر ہم ..... کریں گے

(a) کام (b) نام (c) دام

IV۔ نظم سے ہم آواز الفاظ کا انتخاب کیجئے۔

1۔ رکھوالے : .....

2۔ نام : .....

3۔ ہمارا : .....

4۔ زمین : .....

V۔ جوڑ ملایئے۔

1۔ میرا دیس تو - دل والے ہیں

2۔ ہم سب اس کے - ہم نام کریں گے

3۔ کتنے اچھے - رکھوالے ہیں

4۔ پڑھ لکھ کر - سب سے حسیں ہے

VI۔ ان الفاظ کو جملوں میں استعمال کیجئے۔

(دیس ، پیارا ، جھنڈا ، رکھوالے ، مل جل)

مثال : دیس - ہمارا دیس بہت خوب صورت ہے۔

1۔ پیارا - .....

2۔ جھنڈا - .....

3۔ رکھوالا - .....

4۔ مل جل کر - .....

VII۔ ان الفاظ کی مدد سے نئے الفاظ بنائیں۔

(جانی ، رنگین ، کامیاب ، نامور)

جان : ..... کام : .....

رنگ : ..... نام : .....

استاد کی مدد سے متن کو پڑھیے اور نئے الفاظ لکھنے کی کوشش کیجئے۔

2. اچھا دوست کون؟

ایک اسکول میں دو اچھے دوست تھے۔ ایک کا نام سعید اور دوسرے کا نام سدید تھا۔ دونوں ساتھ ساتھ کھیلتے کودتے اور پڑھتے لکھتے تھے۔ ہمیشہ کہا کرتے کہ وہ ایک دوسرے کا ساتھ کبھی نہیں چھوڑیں گے۔

ایک دن چھٹی کے بعد وہ خوشی خوشی گھر جا رہے تھے۔ راستہ میں انہیں ایک خالی میدان نظر آیا۔ دونوں دوڑنے لگے۔ اچانک سدید کا پاؤں ایک پتھر سے ٹکرا گیا۔ وہ زور سے گرا اور اس کے گھٹنے پر چوٹ آ گئی۔ سدید رونے لگا۔ سعید پہلے تو گھبرایا۔ اس کا دل زور زور سے دھڑکنے لگا۔ وہ سدید کی مدد کرنا چاہتا تھا۔ وہ فوراً سدید کے پاس بیٹھا اور پیار سے کہا۔

''سدید، گھبراؤ نہیں، میں تمہارے ساتھ ہوں۔'' اس نے سدید کے گھٹنے سے مٹی صاف کی، اسے سہارا دیا اور اسے پاس کے گھر لے آیا۔ اس کے زخم کو صاف کیا۔ اس پر پٹی باندھی اور اس کے گھر والوں کو خبر دی۔



تھوڑی دیر بعد سدید کو آرام ملا۔

اس نے مسکرا کر کہا ۔

سعید ! آج تم نے سچی دوستی نبھائی ہے۔

سعید نے مسکراتے ہوئے کہا،

''دوست وہی ہوتا ہے جو مشکل وقت پر کام آئے''

I۔ الفاظ کے معانی اور اشارے۔

ہمیشہ	:	ہر وقت	میدان	:	کھلی جگہ
اچانک	:	یکا یک	گھبرایا	:	ڈر جانا
دھڑکنا	:	دل کا حرکت کرنا	سہارا	:	مدد
آہستہ	:	دھیرے	زخم	:	چوٹ
خبر	:	معلوم کرنا	نبھانا	:	ساتھ دینا

II۔ مناسب ترین جواب کا انتخاب کیجئے۔

1۔ ایک اسکول میں ..... اچھے دوست تھے۔

(a) دو (b) تین (c) چار (d) پانچ

2۔ سدید کا پاؤں ایک ..... سے ٹکرا گیا۔

(a) پتھر (b) اینٹ (c) درخت (d) گاڑی

3۔ ..... کے گھٹنے پر چوٹ آ گئی۔

(a) سدید (b) سعید (c) غنی (d) دونوں

4۔ آج تم نے سچی ..... نبھائی۔

(a) دشمنی (b) دوستی (c) ساتھی (d) غلامی

5۔ دوست وہی ہوتا ہے جو ..... وقت پر کام آئے۔

(a) آسان (b) بے کار (c) مشکل (d) خوشی کے

III۔ خالی جگہ بھرتی کیجئے۔

(پٹّی ، گھٹنے ، ہمیشہ ، میدان ، سعید)

1۔ سعید اور ..... کہا کرتے تھے کہ وہ ایک دوسرے کا ساتھ نہیں چھوڑیں گے۔

2۔ راستے میں انہیں ایک خالی ..... نظر آیا۔

3۔ ..... ، گھبراؤ نہیں، میں تمہارے ساتھ ہوں۔

4۔ زخم پر ..... باندھی۔

5۔ سدید کے ..... سے مٹی صاف کی۔

IV۔ سبق میں سے مشدّد الفاظ چن کر لکھئے۔

1۔ _____

2۔ _____

3۔ _____

4۔ _____

5۔ _____

کیا آپ نے سیکھا؟

مشدّد الفاظ (تشدید والے الفاظ)

وہ الفاظ جن کو دو بار دوہرایا جاتا ہے اور ان کے اوپر ّ تشدید کا نشان لگا ہوتا ہے۔

مثال : ب ل ل ی : بلّی

V۔ درست جملے پر (✓) کا نشان اور غلط پر (×) لگائیے۔

1۔ سعید اور سدید دشمن تھے۔ ( )

2۔ چوٹ لگنے پر سعید، سدید کو چھوڑ کر چلا گیا۔ ( )

3۔ سعید نے زخم صاف کیا۔ ( )

4۔ سدید کو آرام نہیں ملا ۔ ( )

5۔ مشکل وقت میں دوست مدد کرتا ہے۔ ( )

VI۔ ان الفاظ کی روشنی میں جملے بنائیے۔

مثال : دوستی : سدید اور سعید کی گہری دوستی تھی۔

1۔ چوٹ : .....

2۔ سہارا : .....

3۔ پٹّی : .....

4۔ گھر : .....

5۔ مشکل : .....

VII۔ متعلق الفاظ کا انتخاب کیجئے۔

(دوستی ، کھلاڑی ، صفائی ، زخمی ، ساتھی)

مثال : ساتھ : ساتھی

زخم : .....

صاف : .....

کھیل : .....

دوست : .....

VIII۔ پہلے حرف کو بدل کر نیا لفظ بنایئے۔

بھر : .....

تن : .....

حال : .....

ساتھ : .....

IX ۔ اضداد منتخب کیجئے۔

(غم ، آسان ، صاف ، دور ، کم)

1۔ خوشی × .....

2۔ بہت × .....


3۔ نزدیک × .....

4۔ گندہ × .....

5۔ مشکل × .....

اردو قواعد

(تصویروں کی مدد سے واحد ، جمع کی پہچان)

واحد		جمع	
	لڑکا	لڑکے	
	انڈا	انڈے	
	کتاب	کتابیں	
	کرسی	کرسیاں	
	لڑکی	لڑکیاں	
	مرغی	مرغیاں	

پیارے بچو! اوپر دی گئی مثالوں کو جو ابھی تم نے پڑھا ہے، اس سے تمہیں یہ بات سمجھ میں آئی ہوگی کہ تعداد میں کسی بھی ایک چیز کو اردو قواعد میں واحد کہتے ہیں۔ اسی طرح تعداد میں ایک سے بڑھ کر دو یا دو سے زیادہ چیزوں کو اردو گرامر میں جمع کہتے ہیں۔

جیسے لڑکی یہ تعداد میں ایک ہے۔ یہ واحد ہے۔

لڑکیاں ایک سے زیادہ تعداد کو لڑکیاں کہتے ہیں۔

آیئے واحد اور جمع بنانا سیکھیں :

کمرہ	+	کمرے	درخت	+	درختوں
طوطا	+	طوطے	مٹھائی	+	مٹھائیاں
مرغا	+	مرغے	تتلی	+	تتلیاں
پھول	+	پھولوں	سردی	+	سردیاں
گیند	+	گیندیں	بلّی	+	بلّیاں

آیئے اُردو سیکھیں!

ایک + تین چہار حرفی دوحرکی الفاظ

زبر سے بننے والے دوحرکی چہار حرفی الفاظ (ـَ)

ا نار	و قار	ا چار	چ مار	پ سند	ت مام	ک لام
انار	وقار	اچار	چمار	پسند	تمام	کلام

ث واب	ع ذاب	ک باب	ف لاح	م لنگ	پ لنگ	پ تنگ
ثواب	عذاب	کباب	فلاح	ملنگ	پلنگ	پتنگ

زبر سے بننے والے دوحرکی چہار حرفی الفاظ (ـَ)

ک تاب	ح ساب	ا مام	ن ظام	ن کاح
کتاب	حساب	امام	نظام	نکاح

پیش سے بننے والے دوحرکی چہار حرفی الفاظ (ـُ)

ش مار	م قام	ب لند	گ لاب	س رنگ	ا منگ	ح ضور
شمار	مقام	بلند	گلاب	سرنگ	امنگ	حضور

ق صور	ش عور	ش رور	س جود	ن مود	خ لود	د رود
قصور	شعور	شرور	سجود	نمود	خلو د	درود

ح دود	و دود	س تون	ج نون	س کون	ف نون	خ لوص
حدود	ودود	ستون	جنون	سکون	فنون	خلوص

ق لوب	ر سوب	ج نون	ع روج	ر کوع	س لوک	م لوک
قلوب	رسوب	جنوب	عروج	رکوع	سلوک	ملوک

واؤ معروف والے الفاظ

نور	دور	حور	عود	کود	ہود	دودھ
چوک	تھوک	لوٹ	بھوت	جھوٹ	جون	خون
خوب	خورد	طور	بھول	دھول	پھول	مونچھ

واؤ مجہول والے الفاظ

مور	زور	شور	فوت	صوت	موت	خوف
بوجھ	سوچ	کھوج	فوج	ڈول	مول	کھول
چوک	لوگ	سوگ	قوم	کون	نوم	صوم

یائے معروف والے الفاظ

عید	دین	تین	گیت	پیر	چیز	نیز
بیس	تیس	چیل	ریچھ	بیچ	نیچ	چیخ

یائے مجہول والے الفاظ

تیز	میز	بھید	زیر	شیر	میخ	میچ
ایک	نیک	غیر	دیکھ	ریل	بیل	کھیل

آیئے لکھیں۔

عید	میز	کھیل	دودھ	صوت	قوم	کون
عید	میز	کھیل	دودھ	صوت	قوم	کون

ا میر امیر	ف قیر فقیر	ل کیر لکیر	و زیر وزیر	پ نیر پنیر	ع زیز عزیز	ت میز تمیز
م رید مرید	فرید فرید	ر سید رسید	س فید سفید	م جید مجید	ش ہید شہید	ج دید جدید
غ ریب غریب	ق ریب قریب	ع جیب عجیب	ط بیب طبیب	ص لیب صلیب	ح دیث حدیث	خ بیث خبیث
ک ریم کریم	ک لیم کلیم	ع ظیم عظیم	م تین متین	وکیل وکیل	ع دیل عدیل	د لیل دلیل
ب خیل بخیل	خ لیل خلیل	ش کیل شکیل	ک فیل کفیل	ش ریک شریک	ر فیق رفیق	ش فیق شفیق

آیئے لکھیں۔

انار	پتنگ	نکاح	مقام	حضور	خلوص	شریک
انار	پتنگ	نکاح	مقام	حضور	خلوص	شریک

کارٹونی کہانی کو سنئے اور لطف اٹھایئے۔





3. محنت کا پھل







(پریشانی میں) ہٹوری ! کیا تم اپنی نجا تکنیک سے میرا یہ ہوم ورک جلدی سے ختم کر سکتے ہو؟ مجھے کھیلنے جانا ہے۔



(سنجیدگی سے) کینی چی ! نجا تکنیک کی مدد مشکل کاموں کے لئے ہوتی ہے، کام چوری کے لئے نہیں۔ تعلیم حاصل کرنے کے لئے محنت کے سوا کوئی دوسرا راستہ نہیں ہے۔



(کھڑکی سے داخل ہوتے ہوئے) ارے کینی چی، تم کیوں پریشان ہو؟ میں اپنے جادو سے تمہارا کام ایک منٹ میں کر دوں گا۔



(بھونکتے ہوئے) اوف اوف ! تم اسے غلط راستہ دکھا رہے ہو، اس سے کام تو ہو جائے گا، لیکن کینی چی کچھ سیکھ نہیں پائے گا۔



شی شی مارو نے بالکل صحیح کہا۔
کینی چی، اگر آج تم نے جادو سے کام کر لیا، تو کل امتحان میں کیا کرو گے؟ وہاں کوئی نجا تمہاری مدد نہیں کر پائے گا۔



ہٹوری ! تم ہر چیز کو اتنا مشکل کیوں بنا دیتے ہو؟



مشکل نہیں، مضبوط رہا ہوں۔
کینی چی، سچائی یہ ہے کہ اتنی محنت سے حاصل کی گئی کامیابی ہی اصل خوشی دیتی ہے،
کیا تم چاہتے ہو کہ تمہارے استاد تمہیں جھوٹی تعریف کریں؟



نہیں ہٹوری، تم ٹھیک کہہ رہے ہو، اگر میں دوسروں کی مدد سے کام کروں گی تو
میں خود کبھی ذہین نہیں بن سکوں گی ۔ میں ابھی اپنی محنت سے یہ کام مکمل کروں گی ۔



(شرمندہ ہوتے ہوئے) ہم م ..... ، شاید تم ٹھیک کہہ رہے ہو۔



کام ختم ہونے پر ہم سب مل کر چاکلیٹ رول کھائیں گے۔

سبق : کام میں چوری کرنے کے لئے دوسروں کی مدد لینا وقتی طور پر آسان لگتا ہے، لیکن صحیح کامیابی اور عزت
صرف اپنی محنت اور سچائی سے ہی حاصل ہوتی ہے۔



I۔ الفاظ کے معانی اور اشارے۔

محنت : دل لگا کر کام کرنا
کامیابی : جیت حاصل کرنا
پریشانی : فکر
مدد : کسی کا ساتھ دینا
جادو : حیرت انگیز طاقت
سچائی : سچ بولنا

II۔ صحیح جواب کا انتخاب کیجئے۔

1۔ کینی چی اپنا ..... جلدی ختم کرنا چاہتا تھا۔

(a) ہوم ورک (b) کھیل (c) سبق

2۔ ہٹوری نے کہا کہ ..... کے بغیر کامیابی نہیں ملتی۔

(a) محنت (b) جادو (c) وقعت

3۔ کیموما کی اپنے .....سے کام کرنا چاہتا تھا۔

(a) جادو (b) قلم (c) انداز

4۔ شیشی مارو نے کہا کہ غلط راستے کینی چی کچھ ..... نہیں پائے گا۔

(a) سیکھ (b) لکھ (c) پڑھ

5۔ آخر میں کینی چی نے اپنی .....سے کام کرنے کا فیصلہ کیا۔

(a) محنت (b) ہوشیاری (c) چالاکی

III۔ واحد کی جمع منتخب کر کے لکھئے۔

(راستے اساتذہ امتحانات بچے)

راستہ : امتحان :

استاد : بچہ :

IV۔ نیچے دئے گئے الفاظ کے اضداد منتخب کر کے لکھئے۔

(سستی جھوٹ ناکامی غم)

محنت × کامیابی ×

سچائی × خوشی ×

1۔ تخلیق کا وقت



- والدین کے احترام سے متعلق کچھ باتیں بتا سکتا ہوں۔
- کوئی تصویر چھڑا کر اس سے متعلق معلومات فراہم کرسکتا ہوں۔

تصویر چھڑا کر اپنے ساتھیوں کو اس سے معلومات بتانا ہوگا۔

2۔ عملی مشق - ہدایات بنائیں گے۔

دی گئی اطلاعات کے مطابق اپنے مدرسہ کے لئے ضروری ہدایات لکھئے۔ مناسب جگہوں میں تصویریں بنائیے۔

1۔ مدرسہ کے احاطہ کو پاک وصاف رکھیں گے۔	صاف ستھرا رکھیں۔ ضائع مت کریں۔ مت توڑیں۔ حفاظت کریں۔ کوڑے دان میں ڈالیں۔ پڑھیں۔ مت لکھیں۔

میں نے جو سیکھا



1۔ میں نے جو پڑھا اسے بتا سکتا/سکتی ہوں۔ ☆☆☆ ☐

2۔ معنی، اضداد اور واحد کی جمع بھی سیکھ چکا/چکی ہوں۔ ☆☆☆ ☐

3۔ تصویر سے متعلق معلومات فراہم کرسکتا/سکتی ہوں۔ ☆☆☆ ☐

جو بھی سیکھی ہوئی صلاحیت ہے، اس پر ✓ نشان لگائیے، جتنا سیکھا ہے، اس کے مطابق رنگ بھریئے۔

اکائی 3

1. برسات

نظم

رِم جھم رِم جھم برسا پانی
لائی ہے جو برکھا رانی
سب کہتے تھے گرمی گرمی
گرمی میں اب آئی نرمی
اچھلیں کودیں دل بہلائیں
پانی میں ہم خوب نہائیں
کھیت اور دریا ندی نالے
بھر جائیں گے جلدی سارے
ہر سو اب ہریالی ہوگی
رات مگر اب کالی ہوگی
اٹھ کر آئیں کالی گھٹائیں
خوب چلیں گی ٹھنڈی ہوائیں
اس کی ہے یہ ساری خدائی
جس نے بارش ہے برسائی

(ماخوذ)



I۔ الفاظ کے معانی اور اشارے

خوب : بہت
رم جھم : ہلکی ہلکی بارش
برسا پانی : بارش کا ہونا
برکھا رانی : بارش کا موسم

ہر سو : ہر طرف
گھٹا : بادل
ہریالی : سبزہ

II۔ اضداد کا انتخاب کیجئے۔ (گرمی، سردی ، دن ، رات)

اب ×
رات ×
گرمی ×
ٹھنڈی ×

III۔ واحد کی جمع کا انتخاب کیجئے۔ (ہوائیں ، گھٹائیں ، نالے ، کھیتوں)

کھیت +
نالہ +
گھٹا +
ہوا +

IV۔ مناسب جواب کا انتخاب کیجئے۔

1۔ رم جھم رم جھم برسا .....

(a) پانی (b) بارش (c) بادل

2۔ گرمی میں اب آئی .....

(a) گرمی (b) سردی (c) نرمی

3۔ کھیت اور دریا ..... نالے

(a) پٹی (b) ندی (c) وادی

4۔ خوب چلیں گی ..... ہوائیں

(a) ٹھنڈی (b) گرم (c) سرد

5۔ ..... مگر اب کالی ہوگی

(a) بات (b) رات (c) ذات

V۔ مناسب الفاظ سے خالی جگہ بھرتی کیجئے۔

(رانی ، بارش ، گرمی ، جلدی ، پانی)

1۔ ..... میں ہم خوب نہائیں۔

2۔ لائی ہے جو برکھا ..... ۔

3۔ جس نے ..... ہے برسائی۔

4۔ ..... میں اب آئی نرمی۔

5۔ بھر جائیں گے ..... سارے

VI۔ جوڑ لگائیے۔

رم جھم رم جھم	-	برکھا رانی
لائی ہے جو	-	دل بہلائیں
سب کہتے تھے	-	آئی نرمی
گرمی میں اب	-	گرمی گرمی
اچھلیں کودیں	-	برسا پانی

VIII۔ نظم ''برسات'' سے ہم آواز الفاظ کا انتخاب کیجئے۔

مثال : پانی ، رانی

1۔ .....

2۔ .....

3۔ .....

4۔ .....

IX۔ پہلے حرف کو بدل کر نیا لفظ بنائیے۔

	اصل لفظ	نیا لفظ
1۔	پانی	رانی
2۔	کالی	خالی

3۔ ندی بدی

4۔ گھٹائیں ہٹائیں

5۔ جیت گیت

X۔ ان الفاظ کی روشنی میں نئے الفاظ بنائیے۔

(گرمی ، ہریالی ، ٹھنڈک ، ہوادار ، بدبودار)

1۔ بدبو

2۔ ہوا

3۔ ٹھنڈ

4۔ ہرا

5۔ گرم

XI۔ غیر متعلق الفاظ معلوم کر کے دائرہ کھینچئے۔

1۔ دادا آم دادی امی

2۔ آم جام کرسی سیب

3۔ قلم کاپی کتاب کیلا

4۔ گائے بکری شیر میز

5۔ کرسی میز پلنگ بلی

میرا روزنامچہ

1۔ میرا پسندیدہ کھانا ..... ہے۔


2۔ میرا پسندیدہ پھول ..... ہے۔

3۔ میرا پسندیدہ رنگ..... ہے۔

4۔ میرا پسندیدہ پھل ..... ہے۔

5۔ میرا پسندیدہ جانور ..... ہے۔

2. پانی - قدرت کا تحفہ



پانی اللہ کی بہت بڑی نعمت ہے۔ انسان ہو یا جانور، پرندے ہو یا چرندے، پانی کے بغیر جی نہیں سکتے۔ پیڑ پودے بھی پانی ہی سے ہرے بھرے رہتے ہیں۔

پانی بہت قیمتی چیز ہے۔ اس کو گندہ نہ کریں۔ ندی نالوں، تالابوں اور دریاؤں میں گندی چیزیں یا کوڑا کرکٹ پھینکنے سے بیماریاں پھیلتی ہیں۔



پانی ضائع کرنا بری عادت ہے۔ اسے اسراف کہتے ہیں۔ ہمارے پیارے نبیؐ نے فرمایا کہ پانی کو ضائع نہ کرو چاہے تم دریا کے کنارے ہی اسے کیوں نہ استعمال کرتے ہو۔



ہمیں چاہئے کہ ہم ضرورت کے مطابق ہی پانی استعمال کریں۔ وضو کرتے وقت، برتن دھوتے وقت اور پانی کے دوسرے کام کرتے وقت تھوڑا سا نل کھولیں۔ اگر کہیں سے پانی بہہ رہا ہو تو اسے روکنے کی کوشش کریں۔ بارش کا پانی جمع کر کے رکھنے سے بھی پانی کی حفاظت ہوتی ہے۔ اس کا طریقہ اپنے اساتذہ اور بزرگوں سے سیکھیں۔

یاد رکھئے! پانی زندگی ہے۔ اسے بچانا ہم سب کا فرض ہے۔

I۔ الفاظ کے معانی اور اشارے

نعمت = دولت　　پیڑ = درخت

اسراف = فضول　　مرمت = درست

حفاظت = بچانا　　ضائع کرنا = برباد کرنا

II۔ واحد کی جمع کا انتخاب کیجئے۔ (چرندے ، حیوانات ، پرندے ، نعمتیں)

نعمت +　　حیوان +

پرندہ +　　چرندہ +

III۔ اضداد منتخب کیجئے۔ (صاف ، سردی ، نیچے ، مردہ ، شفایاب)

زندہ ×　　گرمی ×

اوپر ×　　گندہ ×

بیمار ×

IV۔ صحیح جواب منتخب کیجئے۔

1۔ پانی ایک ..... دولت ہے۔

(a) سستی　　(b) انمول　　(c) بری

2۔ پانی کے ضائع کرنے کو ..... کہتے ہیں۔

(a) ہمت　　(b) بچت　　(c) اسراف

3۔ بارش کے پانی کو جمع کرنے سے اس کی .....ہوتی ہے۔

(a) بربادی　　(b) حفاظت　　(c) ضائع

4۔ پانی ..... ہے۔

(a) زندگی　　(b) موت　　(c) دنیا

V۔ خالی جگہ بھرتی کیجئے :

(گندہ ، نعمت ، شکر ، برف ، ضائع)

1۔ پانی اللہ تعالیٰ کی ایک ..... ہے۔

2۔ گرمی کے موسم میں .....پگھلتا ہے۔

3۔ ..... پانی بیماری پیدا کرتا ہے۔

4۔ پانی کو ..... نہیں کرنا چاہئے۔

5۔ ہر نعمت کا ..... ادا کرنا چاہئے۔

VI۔ صحیح یا غلط کی نشان دہی کیجئے۔

1۔ پانی کے بغیر ہم زندہ رہ نہیں سکتے۔ ( )

2۔ وضو کرتے وقت نل پورا کھولنا چاہئے۔ ( )

3۔ گندے پانی سے بیماریاں پھیلتی ہیں۔ ( )

4۔ ہمیں نالی میں کچرا ڈالنا چاہئے۔ ( )

5۔ پانی کو بچائے رکھنا ہم سب کی ذمہ داری ہے۔ ( )

VII۔ ان الفاظ کو جملوں میں استعمال کیجئے۔

1۔ نعمت .....

2۔ پانی .....

3۔ بیماری .....

4۔ حفاظت .....

5۔ مرمت .....

VIII۔ ان الفاظ کی روشنی میں نئے الفاظ بنائیے۔

(ضروری ، محافظ ، قدردان ، بچاؤ ، بہاؤ)

1۔ بہہ .....

2۔ بچانا .....

3۔ قدر .....

4۔ حفاظت .....

5۔ ضرورت .....

متن کو سنئے اور اپنے الفاظ میں اس کو بیان کیجئے۔

3. اچھی بات ۔ اچھا بچہ

فیاض ایک شرارتی بچہ تھا۔ دوستوں سے بے کار سی باتیں کرتا تھا۔کبھی کبھی وہ چھیڑ چھاڑ بھی کرلیا کرتا اور کسی کو گالیاں بھی دے دیتا تھا۔جس کی وجہ سے کلاس کا ماحول بگڑ جاتا اور استاد کو پڑھانے میں دقت ہوجاتی۔

ایک دن استاد اپنی کلاس میں اردو پڑھا رہے تھے۔ فیاض اور اس کے دوست پیچھے بیٹھ کر باتیں کرنے لگے۔ استاد نے نرمی سے سمجھایا ، ''بچو ! یہ پڑھنے کی جگہ ہے، یہاں اچھی باتیں سیکھی جاتی ہیں، شرارت اور بے کار باتوں سے پرہیز کیا کرو'' ۔

فیاض تھوڑی دیر تو خاموش رہا،مگر پھر وہ باتیں کرنے لگ گیا۔استاد نے فیاض کو بلا کر الگ سے سمجھایا۔
'' بیٹا '' جو بچہ اپنی زبان اور رویے پر قابو رکھتا ہے، وہی دوسروں کا دل جیتتا ہے۔گالی دینا، شور کرنا، اچھی بات نہیں ہے۔

فیاض کو اپنی غلطی کا احساس ہوا۔ اس نے فیصلہ کیا کہ وہ اب کلاس میں خاموش رہے گا اور استاد کی بات غور سے سنے گا۔

چند دن بعد اسکول میں تقریری مقابلہ ہونے والا تھا۔ استاد نے اعلان کیا کہ جو بچے اچھے اخلاق کے ہیں، انہیں اس میں موقع ملے گا۔فیاض نے حصہ لیا اور ''اچھی زبان، اچھی پہچان'' کے عنوان پر تقریر کی۔ سب نے اس کو پسند کیا اور استاد نے اس کی تعریف کی۔

فیاض کو سمجھ میں آ گیا کہ اچھی بات، اچھا رویہ انسان کو کامیاب بنا دیتا ہے۔

I۔ الفاظ کے معانی اوراشارے۔

بےکار : فضول

دقت : پریشانی، تکلیف

قابو : اختیار، کنٹرول

دل جیتنا : محبت حاصل کرنا، کسی کوخوش کرنا

شورکرنا : ہنگامہ کرنا، اونچی آواز میں بولنا

چھیڑ چھاڑ: تنگ کرنا ، ستانا

پرہیز : احتیاط کرنا، بچنا

رویہ : برتاؤ، سلوک

II۔ واحد کی جمع کا انتخاب کیجئے۔

(دلوں ، غلطیاں ، اساتذہ ، عادتیں ، فیصلے ، رویے)

غلطی +

دل +

رویہ +

استاد +

عادت +

فیصلہ +

III۔ اضداد کا انتخاب کیجئے۔

(دشمن ، سختی ، آسان ، برائی ، رات)

دوست ×

دن ×

نرمی ×

مشکل ×

تعریف ×

IV۔ مذکر اور مونث کی شناخت کیجئے۔

(لڑکا بچّی کھانا لڑکی پودا بریانی)

مذکر	مونث

کیا تم جانتے ہو؟

جنس کی پہچان (مذکر اور مونث)

اردو زبان میں ہر اسم کی جنس ہوتی ہے۔

عام طور پر حرف کے آخر میں الف ہو تو وہ لفظ مذکر ہوتا ہے۔ مثال : لڑکا

اگر لفظ کے آخر میں ی ہو تو وہ لفظ مونث ہوتا ہے۔ مثال : لڑکی

V۔ صحیح جواب منتخب کیجئے۔

1۔ فیاض ایک ..... بچہ تھا۔

(a) شرارتی (b) چالاکی (c) لالچی

2۔ استاد نے ..... سے پوچھا۔

(a) سختی (b) نرمی (c) سستی

3۔ فیاض کو اپنی ..... کا احساس ہوا۔

(a) اچھائی (b) برائی (c) غلطی

4۔ جو بچے اچھے ..... استعمال کریں گے انہیں موقع ملے گا۔

(a) رویے (b) اخلاق (c) کردار

5۔ گالی دینا، شور کرنا اچھی ..... نہیں ہے۔

(a) فطرت (b) عادت (c) طبیعت

VI۔ خالی جگہ بھرتی کیجئے۔

(پسند ، خاموش ، تقریری ، اردو ، کلاس)

1۔ ..... کا ماحول خراب ہوجاتا۔

2۔ ایک دن استاد نے ..... پڑھایا۔

3۔ اسکول میں ..... مقابلہ ہوا۔

4۔ اب کلاس میں وہ ..... رہے گا۔

5۔ سب نے اس کی بات کو ..... کیا۔

VII۔ ان الفاظ کو جملوں میں استعمال کیجئے۔

1۔ شرارتی : احمد ایک شرارتی بچہ تھا۔

2۔ ماحول : .....

3۔ پرہیز : .....

4۔ احساس : .....

5۔ اعلان : .....

VIII۔ ان الفاظ کی روشنی میں نئے الفاظ بنایئے۔

پڑھ ، کھیل ، جیت ، سن ، لکھ

پڑھ : پڑھائی

کھیل :

جیت :

سن :

لکھ :

IX۔ پہلا حرف بدل کر نیا لفظ بنائیں۔ (جواب دیا گیا ہے، غور کریں)

(شور ، کلاس ، بابو ، بل)

دل : .....

قابو : .....

زور : .....

لباس : .....

X۔ صحیح ہے یا غلط نشان دہی کیجئے۔

1۔ فیاض ایک سمجھ دار بچہ تھا۔ ( )

2۔ استاد نے بچوں کو نرمی سے سمجھایا۔ ( )

3۔ گالی دینا اچھی عادت ہے۔ ( )

4۔ فیاض نے تقریری مقابلہ میں حصہ لیا۔ ( )

5۔ اچھے اخلاق انسان کو کامیاب بناتے ہیں۔ ( )

استاد اپنے طلبہ کو اس طرح کے واقعات پیش کر کے سمجھائیں۔

آیئے اُردو سیکھیں!

دوحرفی + تین حرفی پانچ حرفی دوحرکی الفاظ

اردو کے الفاظ سیکھنے سے پہلے لفظوں کی بناوٹ کا طریقہ معلوم کرنا بہت ضروری ہے۔ ہر لفظ ایک خاص وزن پر بنا ہوتا ہے اور یہ اوزان حسابی ضابطے کے طور پر کام کرتے ہیں۔ تین حرفی الفاظ کے دو ہی اوزان ہوتے ہیں۔ چار حرفی الفاظ کے تین اوزان ہوتے ہیں۔ ایک ہی وزن کے چند الفاظ اچھی طرح سیکھ لینے سے ہم اسی قسم کے سیکڑوں الفاظ آسانی سے پڑھ سکتے ہیں۔ حروف کی تعداد چار یا پانچ یا چھ ہو تو ایک ایک وزن میں ہزاروں الفاظ آتے ہیں، یعنی الفاظ کی بناوٹ سیکھنے سے ہزاروں الفاظ کو پڑھنا آسان ہوتا ہے۔

پانچ حروف والے الفاظ کو عام طور پر دو طریقوں سے دو ٹکڑوں میں پڑھا جاتا ہے۔ پہلا طریقہ یہ ہے کہ سب سے پہلے دو حروف کو ملا کر ایک ٹکڑا بنایا جاتا ہے اور آخر کے تین حروف کو ایک ٹکڑا بنا کر پڑھا جاتا ہے۔

چند الفاظ ایسے ہوتے ہیں، جن کے پہلے تین حرفوں کو ملا کر ایک ٹکڑا بنایا جاتا ہے اور آخری دو حروف کو ملا کر ایک ٹکڑا بنا کر مکمل لفظ پڑھا جاتا ہے۔

ار کان	اع لان	اح سان	ای مان	آ ذان	مس تان	مس کان
ارکان	اعلان	احسان	ایمان	آذان	مستان	مسکان
ار شاد	ال حاد	اس ناد	اس تاد	فر یاد	فر ہاد	سر شار
ارشاد	الحاد	اسناد	استاد	فریاد	فرہاد	سرشار
اق رار	اص رار	اب رار	اخ بار	ال مار	آ واز	ان داز
اقرار	اصرار	ابرار	اخبار	المار	آواز	انداز
اس لام	ان عام	ان جام	اق بال	اط فال	ال ماس	دج جال
اسلام	انعام	انجام	اقبال	اطفال	الماس	دجّال
اح باب	اس باب	ار باب	ان صاف	با زار	لا چار	نا کام
احباب	اسباب	ارباب	انصاف	بازار	لاچار	ناکام
نا پاک	دا لان	شا باش	نا راض	پا مال	سا مان	ہا مان
ناپاک	دالان	شاباش	ناراض	پامال	سامان	ہامان

یائے معروف والے الفاظ

ہی جان	دی وان	بی مار	تی مار	دی وار	نی لام	می لاد
ہیجان	دیوان	بیمار	تیمار	دیوار	نیلام	میلاد

یائے مجہول والے الفاظ

پے غام	بے کار	بے دار	تے زاب	بے ہوش	مے سور	
پیغام	بیکار	بیدار	تیزاب	بےہوش	میسور	
نا یاب	سے لاب	سے راب	مے دان	حے وان	مے لان	
نایاب	سیلاب	سیراب	میدان	حیوان	میلان	

واؤ معروف والے الفاظ

مح مود	ام رود	مش ہور	من صور	مع ذور	مع صوم	مح روم
محمود	امرود	مشہور	منصور	معذور	معصوم	محروم
مر بوط	مض بوط	ما نوس	قا نون	مض مون	مط لوب	جا لوت
مربوط	مضبوط	مانوس	قانون	مضمون	مطلوب	جالوت
جا سوس	بن دوق	مع شوق	یا جوج	مو سوم	ان گور	مو صوف
جاسوس	بندوق	معشوق	یاجوج	موسوم	انگور	موصوف

واؤ مجہول والے الفاظ

دو ران	بھو پال	گو دام	خو راک	اف سوس	خر گوش	فرعون
دوران	بھوپال	گودام	خوراک	افسوس	خرگوش	فرعون
لو ہار	سو نار	در گور	فو لاد	نو شاد	ان دوز	فے روز
لوہار	سونار	درگور	فولاد	نوشاد	اندوز	فیروز

نونِ غنّہ والے الفاظ

سالوں	باتوں	ہاتھوں	راتوں	چاروں	دس واں	دس ویں
سالوں	باتوں	ہاتھوں	راتوں	چاروں	دسواں	دسویں
لڑکوں	قدموں	لی موں	خی موں	رن گیں	جن گوں	لو گوں
لڑکوں	قدموں	لیموں	خیموں	رنگیں	جنگوں	لوگوں

تین حرفی + دو حرفی پانچ حرفی دو حرکی الفاظ

جان ور	کار گر	ماس ٹر	راس تہ	کوف تہ	شور بہ	راہ زن
جانور	کارگر	ماسٹر	راستہ	کوفتہ	شوربہ	راہزن
ڈھان چہ	سان چہ	خوان چہ	بھان جا	آگ رہ	آس را	کان ٹا
ڈھانچہ	سانچہ	خوانچہ	بھانجا	آگرہ	آسرا	کانٹا
بھاگ نا	چاہ نا	کاٹ نا	بول نا	کھول نا	کھیل نا	روک نا
بھاگنا	چاہنا	کاٹنا	بولنا	کھولنا	کھیلنا	روکنا
بول تا	روک تا	کھول تا	جھیل تا	دیکھ نا	بیٹھ نا	سیکھ نا
بولتا	روکتا	کھولتا	جھیلتا	دیکھنا	بیٹھنا	سیکھنا
پار سا	دوس را	فار سی	روش نی	چاش نی	دوس ری	تیس ری
پارسا	دوسرا	فارسی	روشنی	چاشنی	دوسری	تیسری
خوش بو	خوش رو	دوس تو	کان ٹے	دوس رے	چاہ تے	بول تے
خوشبو	خوشرو	دوستو	کانٹے	دوسرے	چاہتے	بولتے
کھول تے	کھیل تے	روک تے	چاہ تے	کاٹ نے	دوڑ نے	
کھولتے	کھیلتے	روکتے	چاہتے	کاٹنے	دوڑنے	

تدریسی سفر

1۔ تخلیق کا وقت



- پانی کی حفاظت سے متعلق چند جملے کہہ سکتا/سکتی ہوں۔
- پانی کے اسراف یا بچت سے متعلق تصویر بنا سکتا/سکتی ہوں۔

تصویر چھڑا کر اپنے ساتھیوں کو اس سے معلومات بتانا ہوگا۔

2۔ تصویر کے لئے مناسب جواب پر ✓ نشان لگائیے۔

اگر پانی کی بوتل بات کرنے لگتی تو وہ کیا کہتی؟



- آج کے بعد میں اسے حفاظت سے رکھوں گی۔ ☐
- استعمال کرنے کے بعد اس کی جگہ پر رکھوں گی۔ ☐
- دوسروں کو پانی پلانے میں مدد کروں گی۔ ☐
- پانی کو اسراف نہیں کروں گی۔ ☐

میں نے جو سیکھا



1۔ متن کو پڑھ سکتا/سکتی ہوں۔ ☆☆☆ ☐

2۔ الفاظ کے معنی، جنس کی پہچان کر سکتا/سکتی ہوں۔ ☆☆☆ ☐

3۔ جو کچھ پڑھا ہے اس سے متعلق جواب دے سکتا/سکتی ہوں۔ ☆☆☆ ☐

جو بھی سیکھی ہوئی صلاحیت ہے، اس پر ✓ نشان لگائیے، جتنا سیکھا ہے، اس کے مطابق رنگ بھریئے۔

Standard 3 - Urdu Language - Term - 1
Textbook Development Team

Co-ordinator
Dr. T. Jayagandhi, M.Sc.,M.Ed.,M.Phil.,Ph.D.,
Senior Lecturer,
SCERT, Chennai-06

Subject Expert
Dr. Kaleemullah K.H.,
Principal i/c and Head,
Department of Urdu,
Mazharul Uloom College (Autonomous),
Ambur, Tirupattur District.

Reviewer
Syed Masood Ahmed,
Urdu Munshi,
Osmania Higher Secondary School,
Tirupattur.

Authors
Mohamed Jaweed Akram
P.G. Assistant,
Islamiah Boys' Higher Secondary School,
Vaniyambadi, Tirupattur District.

H. Abrarul Haq
Urdu Munshi
Islamiah Boys' Higher Secondary School,
Vaniyambadi, Tirupattur District.

Syed Bilal Ahmed
B.T. Assistant, PUU Boys Middle School,
Jaffarabad, Alangayam Union
Tirupattur District.

Taj Mohammed
SGT, PUPS Urdu, Puthagaram,
Tirupattur District.

P. K. Nazia Nikhath.
SGT, Haji Essa Abba Sait APS,
Chennai - 1.

Art and Design Team
M. Amalraj,
Layout Co-ordinator
B.T. Assistant, SCERT, Chennai.

Urdu Layout and design
TAJ Printers, Vaniyambadi.

Wrapper Design
Kathir Arumugam

This book has been printed on 80 G.S.M.
Elegant Maplitho paper.
Printed by offset at: